سوال

نمازوترکی تیسری رکعت میں رفع الیدین السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ علی اور عمران نے کاروبار میں پارٹنر شپ کی ۔ علی 5 لاکھ لے کر آیا اور عمران گڈول پر عمران کام جانتا تھا جب کے علی کچھ نہیں بناء کسی تحریری معاہدہ کے کام شروع کیا گیا اور نفع میں آدھا آدھا طے کرلیا گیا کاروبار میں نقصان ہوگیا اور علی کی رقم ڈوب گئ کاروبار بند ہوگیا اب علی کہتا ہے کی آدھا نقصان عمران مجھے دے گا یعنی ڈھائی لاکھ جب کے عمران کا کہنا ہے میں نقصان میں پارٹنر نہیں تھا لہذا میں نقصان نہیں دوگا عمران کا کہنا ہے کہ میری محنت اور ٹائم ضائع ہوا اور علی کی رقم لہذا برابر قرآن حدیث سے اس کا جواب مطلوب ہے کہ علی کی بات یا عمران کی بات صحیح ہے ؟ جزاکم اللہ

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کاروبار کی اس شکل کو شریعت میں مضاربہ کہا جاتا ہے ۔ اس میں ایک آدمی پیسہ لگاتا ہے جبکہ دوسرا محنت کرتا ہے اور منافع دونوں کے درمیان آدھا آدھا یا طے شدہ نسبت سے تقسیم ہوتا ہے ۔ آپ کا اس انداز سے کاروبا کرنا توجائزاور درست تھا ، مگر پہلے ہی سب کچھ طے نہ کرنا ایک غلطی تھی ،جس کا خمیازہ آپ بھگت رہے ہیں ۔ آپ کو کاروبا شروع کرنے سے پہلے ہی شریعت کے مطابق سب کچھ طے کر کے لکھ لینا چاہیئے تھا ۔ کاروبار کی اس شکل میں اگر نقصان ہو جاتا ہے تو وہ مالک کا ہوتا ہے جس نے پیسہ لگایا ہے ،اوراس نقصان میں سے عامل پر کوئی تاوان نہیں ہوتا ۔ امام ابن قدامہ فرماتے ہیں : " وَالْوَضِيعَةُ (الخسارۃ) فِي الْمُضَارَبَةِ عَلَى الْمَالِ خَاصَّةً, لَيْسَ عَلَى الْعَامِلِ مِنْهَا شَيْءٌ ; لِأَنَّ الْوَضِيعَةَ عِبَارَةٌ عَنْ نُقْصَانِ رَأْسِ الْمَالِ, وَهُوَ مُخْتَصٌّ بِمِلْكِ رَبِّهِ, لَا شَيْءَ لِلْعَامِلِ فِيهِ, فَيَكُونُ نَقْصُهُ مِنْ مَالِهِ دُونَ غَيْرِهِ; وَإِنَّمَا يَشْتَرِكَانِ فِيمَا يَحْصُلُ مِنْ النَّمَاءِ "[المغنی" (5/22)] مضاربہ میں خاص مال پر خسارہ ہے ، اس میں سے عامل پر کچھ نہیں ہے ۔ کیونکہ خسارہ رأس المال سے عبارت ہے ،اوروہ مال کے مالک کے ساتھ مختص ہے اس میں سے عامل پر کچھ نہیں ہے ،اور نقصان اس کے مال سے ہوا ہے کسی اور کے مال سے نہیں ،اورمال کی بڑھوتری (یعنی نفع) میں وہ دونوں شریک ہونگے ۔ حتی کہ مضاربہ کے نقصان میں عامل کی شراکت کی شرط لگانا بھی درست نہیں ہے ،اہل علم فرماتے ہیں کہ مضاربہ میں عامل پر رأس المال کی ضمانت لینا ایک فاسد شرط ہے ۔ الموسوعۃ الفقہیۃ" (64-38/63) مذکورہ بالا دلائل کی روشنی میں آپ کے کاروبا کا جو نقصان ہوا ہے وہ مالک (علی) کا ہے اور عامل (عمران) پر کسی قسم کا کوئی تاوان نہیں ہے ۔ ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث